پریس ریلیز

پی جی ایم آئی کے ڈاکٹر کا کارنامہ

پاکستان میں پہلی بار پراسٹیٹ (غدود) کا جدید علاج REZUM متعارف کرادیا

پروفیسر خضر حیات گوندل نے 75 سالہ دل کے مرض میں مبتلا شخص کا نجی ہسپتال میں کامیاب آپریشن کیا

انجیکشن لگا کر کئے جانے والے پروسیجر میں مریض کو بیہوش کرنے کی ضرورت نہیں

مختلف پیچیدہ امراض بشمول امراض قلب میں مبتلا افراد کیلئے بھی ایک محفوظ طریقہ ہے

پراسٹیٹ کے نوجوان مریضوں میں REZUM طریقہ سے مردانہ قوت بھی بحال: پروفیسر آف یورالوجی

پروسیجر کادورانیہ 30 منٹ سے کم، مریض اسی روز گھر منتقل، مہنگی ادویات و درد سے چھٹکارا: پروفیسر خضر حیات گوندل

لاہور 31 دسمبر: ...... بڑھتے ہوئے پراسٹیٹ (غدود) کے علاج اور آپریشن کیلئے پاکستان میں پہلی بار جدید طریقہ REZUM متعارف کروا دیا گیا، پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج کے پروفیسر آف یورالوجی ڈاکٹر خضر حیات گوندل نے لاہور کے ایک نجی ہسپتال میں مریض کی اوپن سرجری کی بجائے محض واٹر سٹیم انجکشن لگا کر بڑھتے ہوئے غدود کا پروسیجر کامیابی سے مکمل کیا ہے۔ تفصیلات بتاتے ہوئے پروفیسر خضر حیات گوندل نے کہا کہ اس دوران مریض کو بیہوش کرنے کی بجائے مخصوص جگہ کو سن کر کے (لوکل اینستھیزیا) پروسیجر مکمل ہوتا ہے۔ جو مختلف پیچیدہ امراض بشمول امراض قلب میں مبتلا افراد کیلئے بھی ایک محفوظ طریقہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عموعی طور پر پراسٹیٹ کا بڑھنا بڑی عمر کے افراد کی بیماری ہے۔ تاہم بعض کیسز میں نوجوان افراد بھی پراسٹیٹ انلارجمنٹ کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس سے نہ صرف انہیں پیشاب کرنے میں رکاوٹ ہوتی ہے بلکہ ان کی مردانہ قوت بھی متاثر ہونے سے وہ اولاد پیدا کرنے کے قابل بھی نہیں رہتے۔ پروفیسر خضر حیات کا کہنا تھا کہ یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ پراسٹیٹ (غدود) کے روایتی طریقہ سے آپریشن کے بعد مریض میں بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں اور مریض کا پیشاب پر کنٹرول نہیں رہتا اور اکثر کیسز میں مستقل طور پر یورین بیگ بھی لگانا پڑتا ہے جبکہ REZUM جدید طریقہ علاج سے سرجری 30 منٹ سے کم وقت میں مکمل ہونے سے مریض کو ایک دن بھی ہسپتال میں قیام نہیں کرنا پڑتا اور نہ ہی ادویات لینے کی ضرورت پیش ہوتی ہے اور وہ روزمرہ کے معاملات زندگی بھی بلاتعطل شروع کر سکتا ہے۔ بالخصوص نوجوان مریضوں میں مردانہ قوت متاثر نہیں ہوتی اور وہ ازدواجی زندگی بھی خوشی سے گزار سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

پاکستان میں پہلی مرتبہ پراسٹیٹ کے مریض کا اوپن سرجری کی بجائے پروفیسر خضر حیات گوندل
جدید طریقہ علاج انجیکشن سے پروسیجر کر رہے ہیں